سرکاری رپورٹ

# صوبائی اسمبلی پنجاب

مباحثات 2006

سرکاری رپورٹ

# صوبائی اسمبلی پنجاب

## مباحثات 2006

(سوموار 13، بدھ 15، جمعرات 16، جمعۃ المبارک 17، سوموار، 20۔مارچ 2006)

(یوم الاثنین 12، یوم الاربعاء 14، یوم الخمیس 15، یوم الجمع 16، یوم الاثنین 19۔صفر المظفر 1427ھ)

چودھویں اسمبلی: چوبیسواں اجلاس

جلد 24 (حصہ دوم): شمارہ جات 6تا10

# صوبائی اسمبلی پنجاب

## مباحثات

## مندرجات

## چوبیسواں اجلاس

سوموار،13۔مارچ2006

جلد 24:شمارہ 6



| نمبر شمار | مندرجات | صفحہ نمبر |
|---|---|---|
| 1۔ | ایجنڈا | 469 |
| 2۔ | تلاوت قرآن پاک و ترجمہ | 471 |
| | پوائنٹ آف آرڈر | |
| 3۔ | حکومت پنجاب کی طرف سے پتنگ بازی پر | |

| | | |
|---|---|---|
| | غیر معینہ مدت تک پابندی کا فیصلہ | 472 |
| نمبر شمار | مندرجات | صفحہ نمبر |
| | بدھ، 15-مارچ2006 | |
| | جلد 24: شمارہ 7 | |
| 4۔ | ایجنڈا | 475 |
| 5۔ | تلاوت قرآن پاک و ترجمہ | 477 |
| | **تعزیت** | |
| 6۔ | وزیر اعلیٰ پنجاب چودھری پرویز الٰہی کی والدہ ماجدہ کے انتقال پر دعائے مغفرت | 478 |
| | **سوالات** (محکمہ جات امداد باہمی، سماجی بہبود اور آبپاشی و قوت برقی) | |
| 7۔ | نشان زدہ سوالات اور ان کے جوابات | 478 |
| 8۔ | نشان زدہ سوالات اور ان کے جوابات (جو ایوان کی میز پر رکھے گئے) | 515 |
| 9۔ | غیر نشان زدہ سوالات اور ان کے جوابات | 533 |
| | **تحاریک استحقاق** | |
| 10۔ | ڈی ایس پی نارووال کا معزز رکن اسمبلی کی بات سننے سے انکار | 538 |
| 11۔ | ڈی پی او ننکانہ کا معزز رکن اسمبلی سے ہتک آمیز سلوک | 540 |
| | **پوائنٹ آف آرڈر** | |
| 12۔ | پی ٹی وی کی جانب سے اسمبلی کی کارروائی کو مناسب کوریج نہ دینا | 548 |
| | **تحاریک التوائے کار** | |
| 13۔ | سبزہ زار سب ڈویژن واسا (لاہور) کے فیلڈ سٹاف کی طرف سے سینکڑوں جعلی کنکشن دینے سے واسا ریونیو کو لاکھوں روپے کا نقصان (---جاری) | 558 |

14۔ فیصل آباد کی غلام محمد آباد کالونی کے نصف رہائشیوں کو مالکانہ حقوق سے محروم رکھنا ------------ 562


نمبر شمار | مندرجات | صفحہ نمبر


15۔ پرنٹ اور الیکٹرانک میڈیا پر جعلی ادویات اور غیر رجسٹرڈ میڈیکل کالجوں کے کمرشل اشتہارات کا چلنا(---جاری)------------ 564

**غیر سرکاری ارکان کی کارروائی**

**مسودہ قانون**(جو متعارف ہوا)

16۔ مسودہ قانون(ترمیم)محتسب پنجاب مصدرہ2006 ------------ 578

## جمعرات،16-مارچ2006

## جلد 24:شمارہ 8

17۔ ایجنڈا ------------ 585

18۔ تلاوت قرآن پاک و ترجمہ ------------ 587

**سوالات**(محکمہ جات خدمات وانتظام عمومی اور صنعت)

19۔ نشان زدہ سوالات اور ان کے جوابات ------------ 588

20۔ نشان زدہ سوالات اور ان کے جوابات(جو ایوان کی میز پر رکھے گئے) ------------ 620

**پوائنٹ آف آرڈر**

21۔ سیکرٹریوں کی اے سی آر زلکھنے کا اختیار وزیراعلیٰ سے متعلقہ وزراء کو دلانے کا مطالبہ ------------ 649

**توجہ دلاؤ نوٹس**

22۔ جڑانوالہ کچہری میں فائرنگ سے دو بھائیوں کی ہلاکت پر حکومتی کارروائی کی تفصیل ------------ 658

23۔ ایمن آباد موڑ گوجرانوالہ کی رہائشی خاتون سے اجتماعی زیادتی

| نمبر شمار | مندرجات | صفحہ نمبر |
|---|---|---|
| | پر حکومتی کارروائی کی تفصیل ------------ | 659 |
| | تحاریک استحقاق | |
| 24۔ | ایکسیئن لودھراں کا معزز رکن اسمبلی کے ساتھ ناروا سلوک ------------ | 661 |
| 25۔ | ڈی ایس پی نارووال کا معزز رکن اسمبلی کے ساتھ نامناسب رویہ ------------ | 662 |
| 26۔ | ای ڈی او (آر) ساہیوال کا معزز رکن اسمبلی کے ساتھ نامناسب رویہ (---جاری) ------------ | 663 |
| 27۔ | ڈی پی او ننکانہ کا معزز رکن اسمبلی کے ساتھ ہتک آمیز سلوک (---جاری) ------------ | 664 |
| 28۔ | اسمبلی سے متفقہ طور پر پاس ہونے والی قرارداد پر عملدرآمد نہ کیا جانا ------------ | 664 |
| | تحاریک التوائے کار | |
| 29۔ | شیراکوٹ لاہور کی رہائشی 7 سالہ لڑکی سے اجتماعی زیادتی ------------ | 671 |
| | پوائنٹ آف آرڈر | |
| 30۔ | صوبہ میں بچیوں کے ساتھ اجتماعی زیادتی میں اضافہ ------------ | 673 |
| 31۔ | جعلی میڈیکل کالجوں، جعلی ادویات اور جنسی ادویات کے اشتہارات کی بھرمار سے عوام کا جانی و مالی نقصان ------------ | 686 |
| 32۔ | وزیراعلیٰ کے اعلان کے باوجود کنٹریکٹ ڈاکٹروں کو مستقل نہ کرنا ------------ | 688 |
| | رپورٹیں (توسیع) | |
| 33۔ | مجلس قائمہ برائے صنعت کی رپورٹ ایوان میں پیش کرنے کی میعاد میں توسیع ------------ | 693 |
| 34۔ | مجلس قائمہ برائے مال، بحالی و اشتمال کی رپورٹ | |

| نمبر شمار | مندرجات | صفحہ نمبر |
|---|---|---|
| | ایوان میں پیش کرنے کی میعاد میں توسیع | 694 |
| | **سرکاری کارروائی** | |
| | **مسودہ قانون** (جو زیر غور لایا گیا) | |
| 35۔ | مسودہ قانون (تنسیخ) تقریبات شادی (امتناع بے جا نمود و نمائش اور مسرفانہ اخراجات) پنجاب مصدرہ 2005 | 695 |
| | **جمعتہ المبارک، 17۔ مارچ 2006** | |
| | **جلد 24: شمارہ 9** | |
| 36۔ | ایجنڈا | 703 |
| 37۔ | تلاوت قرآن پاک و ترجمہ | 705 |
| | **سوالات** (محکمہ زراعت) | |
| 38۔ | نشان زدہ سوالات اور ان کے جوابات | 706 |
| 39۔ | نشان زدہ سوالات اور ان کے جوابات (جو ایوان کی میز پر رکھے گئے) | 740 |
| | **پوائنٹ آف آرڈر** | |
| 40۔ | ایم پی اے صاحبان کو اپنی گاڑیوں سے نیلی ریوالونگ لائٹس اتارنے کا سرکولر جاری کیا جانا | 784 |
| | **تحاریک التوائے کار** | |
| 41۔ | ستوکتلہ میں ڈاکوؤں کے ہاتھوں قتل ہونے والے ٹھیکیدار کی ایف آئی آر درج کرنے میں تاخیر | 789 |
| 42۔ | مانگا پنڈ لاہور میں کمسن بچی کے ساتھ زیادتی | |

| | | |
|---|---|---|
| | کے ملزم کی گرفتاری میں تاخیر | 793 ------------ |
| | پوائنٹ آف آرڈر | |
| 43۔ | پنجاب پبلک سیفٹی کمیشن کی کمیٹی کا اجلاس نہ کیا جانا | 794 ------------ |
| نمبر شمار | مندرجات | صفحہ نمبر |
| 44۔ | لیڈی ہیلتھ ورکروں کے مسائل کا ازالہ | 795 ------------ |
| | سرکاری کارروائی | |
| | مسودہ قانون (جو زیر غور لایا جائے گا) | |
| 45۔ | مسودہ قانون (ترمیم) صوبائی موٹر گاڑیاں مصدرہ 2006 | 796 ------------ |
| | سوموار، 20۔مارچ2006 | |
| | جلد 24: شمارہ 10 | |
| 46۔ | ایجنڈا | 803 ------------ |
| 47۔ | تلاوت قرآن پاک و ترجمہ | 805 ------------ |
| | پوائنٹ آف آرڈر | |
| 48۔ | ملازمت سے نکالے گئے حبیب بنک کے ملازمین پر پولیس کا تشدد | 806 ------------ |
| 49۔ | مسلم لیگ کے کنونشن کے لئے پولیس کے ذریعہ مسافر | |
| | بسوں کو قبضہ میں لینا | 807 ------------ |
| 50۔ | ٹرانسپورٹ کے کرایہ میں اضافہ | 811 ------------ |
| 51۔ | حویلی کورنگاں ملتان میں آتشزدگی کے واقعہ میں ہلاک ہونے والوں | |
| | کے لواحقین کو حکومتی اعلان کے باوجود مالی امداد میں تاخیر | 812 ------------ |
| | سوالات (محکمہ جات داخلہ و جیل خانہ جات) | |
| 52۔ | نشان زدہ سوالات اور ان کے جوابات | 814 ------------ |
| 53۔ | نشان زدہ سوالات اور ان کے جوابات (جو ایوان کی میز پر رکھے گئے) | 838 ------------ |

| | | |
|---|---|---|
| 54- | غیر نشان زدہ سوالات اور ان کے جوابات | 870 |
| 55- | درخواست ہائے رخصت | 879 |

| نمبر شمار | مندرجات | صفحہ نمبر |
|---|---|---|
| | رپورٹ (جو پیش ہوئی) | |
| 56- | سپیشل کمیٹی کی رپورٹ بابت نشان زدہ سوال نمبر 6036 پیش کردہ جناب سمیع اللہ خان کا ایوان میں پیش کیا جانا | 880 |
| | توجہ دلاؤ نوٹس | |
| 57- | ستو کتلہ روڈ (لاہور) پر بنک گارڈ کا قتل اور رقم لوٹنے پر ملزمان کے خلاف حکومتی کارروائی | 881 |
| 58- | سرگودھا میں ڈاکوؤں کے ہاتھوں دو طلباء کی ہلاکت اور ملزمان کے خلاف حکومتی کارروائی | 886 |
| | رپورٹ (توسیع) | |
| 59- | مجلس قائمہ برائے تحفظ ماحولیات کی رپورٹ ایوان میں پیش کرنے کی میعاد میں توسیع | 888 |
| | تحاریک استحقاق | |
| 60- | ڈی پی او ملتان کا معزز رکن اسمبلی کے ساتھ ملاقات سے انکار (۔۔۔جاری) | 889 |
| 61- | ای ڈی او (ہیلتھ) لودھراں کا معزز رکن کے ساتھ نامناسب رویہ | 890 |
| 62- | ضلع ناظم اور پولیس انتظامیہ کی غفلت اور نااہلی کی وجہ سے شرپسندوں کا اسمبلی بلڈنگ کو نشانہ بنانا | 891 |
| | تحاریک التوائے کار | |
| 63- | نئے سپورٹس رولز کی تشکیل سے ٹیکنیکل سٹاف کی ترقی میں رکاوٹ کا خدشہ (۔۔۔جاری) | 906 |

| نمبر شمار | مندرجات | صفحہ نمبر |
|---|---|---|
| 64۔ | فیصل آباد کی غلام محمد آباد کالونی کے نصف رہائشیوں کو مالکانہ حقوق سے محروم رکھنا(۔۔۔جاری) ------------ | 907 |
| | **سرکاری کارروائی** | |
| | **مسودات قانون**(جو زیر غور لائے گئے) | |
| 65۔ | مسودہ قانون(ترمیم)صوبائی موٹر گاڑیاں مصدرہ2005 ------------ | 916 |
| 66۔ | مسودہ قانون کریمینل پراسیکیوشن سروس (تشکیل،فرائض اور اختیارات) پنجاب مصدرہ2005 ------------ | 946 |
| 67۔ | اجلاس کے اختتام کا اعلامیہ ------------ | 1009 |
| 68۔ | انڈکس | |

469

# ایجنڈا

# برائے اجلاس صوبائی اسمبلی پنجاب

## منعقدہ، 13-مارچ2006

تلاوت قرآن پاک وترجمہ

**سوالات**(محکمہ خوراک)

نشان زدہ سوالات اوران کے جوابات

**توجہ دلاؤنوٹس**

**سرکاری کارروائی**

مسودہ قانون(تنسیخ)(نمود ونمائش اور مسرفانہ اخراجات پر پابندی)شادی بیاہ کی تقریبات مصدرہ2005(مسودہ قانون نمبر22بابت2005)

471

# صوبائی اسمبلی پنجاب

## چودھویں اسمبلی کا چوبیسواں اجلاس

سوموار،13۔مارچ2006

(یوم الاثنین،12۔صفر المظفر1427ھ)

صوبائی اسمبلی پنجاب کا اجلاس اسمبلی چیمبرز، لاہور میں سہ پہر 3بج کر14منٹ پر زیر صدارت جناب چیئرمین رائے اعجاز احمد منعقد ہوا۔

---

تلاوت قرآن پاک و ترجمہ قاری عبدالماجد نے پیش کیا۔

اعوذ باللہ من الشیطن الرجیم o

بِسۡمِ ٱللَّهِ ٱلرَّحۡمَٰنِ ٱلرَّحِيمِ o

لَّا تَجِدُ قَوۡمًا يُؤۡمِنُونَ بِٱللَّهِ وَٱلۡيَوۡمِ ٱلۡأٓخِرِ يُوَآدُّونَ مَنۡ حَآدَّ ٱللَّهَ وَرَسُولَهُۥ وَلَوۡ كَانُوٓاْ ءَابَآءَهُمۡ أَوۡ أَبۡنَآءَهُمۡ أَوۡ إِخۡوَٰنَهُمۡ أَوۡ عَشِيرَتَهُمۡۚ أُوْلَٰٓئِكَ كَتَبَ فِي قُلُوبِهِمُ ٱلۡإِيمَٰنَ وَأَيَّدَهُم بِرُوحٖ مِّنۡهُۖ وَيُدۡخِلُهُمۡ جَنَّٰتٖ تَجۡرِي مِن تَحۡتِهَا ٱلۡأَنۡهَٰرُ خَٰلِدِينَ فِيهَاۚ رَضِيَ ٱللَّهُ عَنۡهُمۡ وَرَضُواْ عَنۡهُۚ أُوْلَٰٓئِكَ حِزۡبُ ٱللَّهِۚ أَلَآ إِنَّ حِزۡبَ ٱللَّهِ هُمُ ٱلۡمُفۡلِحُونَ o

**سُوۡرَۃُ المجَادلۃ آیت22**

جو لوگ خدا پر اور روز قیامت پر ایمان رکھتے ہیں تم ان کو خدا اور اس کے رسول کے دشمنوں سے دوستی کرتے ہوئے نہ دیکھو گے۔ خواہ وہ ان کے باپ یا بیٹے یا بھائی یا خاندان ہی کے لوگ ہوں۔ یہ وہ لوگ ہیں جن کے دلوں میں خدا نے ایمان (پتھر پر لکیر کی طرح) تحریر کر دیا ہے اور فیض غیبی سے ان کی مدد کی ہے۔ اور وہ ان کو بہشتوں میں جن کے تلے نہریں بہہ رہی ہیں داخل کرے گا ہمیشہ ان میں رہیں گے۔ خدا ان سے خوش اور وہ خدا سے خوش۔ یہی گروہ خدا کا لشکر ہے۔ (اور) سن رکھو کہ خدا ہی کا لشکر مراد حاصل کرنے والا ہے o

**وما علینا الا البلاغ o**

جناب ارشد محمود بگو: پوائنٹ آف آرڈر۔

جناب چیئرمین: جی۔

جناب ارشد محمود بگو: جناب چیئرمین! آج وزیر اعلیٰ پنجاب کی والدہ فوت ہو گئی ہیں ان کا نماز جنازہ تین بجے تھا تو بعض دوست وہاں پر نہیں جا سکے چونکہ ابھی تدفین نہیں ہوئی ورنہ ہم دعا کر لیتے۔ اللہ سے دعا ہے کہ اللہ تعالیٰ مرحومہ کی مغفرت فرمائے اور انہیں جنت میں جگہ عطا فرمائے۔

جناب چیئرمین! دوسرے نمبر پر میں آپ کی توجہ آج کے اخبارات کی طرف دلانا چاہتا ہوں جو بڑا ضروری ہے اور آپ کی direction بھی بہت ضروری ہے۔

جناب چیئرمین: آج یہ فیصلہ ہوا تھا کہ ہم نے اجلاس ملتوی کرنا ہے۔ میرا خیال ہے کہ آپ جو کہیں گے وہ پرسوں کر لیں گے۔

## پوائنٹ آف آرڈر

## حکومت پنجاب کی طرف سے پتنگ بازی پر غیر معینہ مدت تک پابندی کا فیصلہ

(---جاری)

جناب ارشد محمود بگو: جناب چیئرمین! میری اس میں submission صرف یہ ہے کہ گورنمنٹ کو direction فرما دی جائے کہ وزیر اعلیٰ پنجاب نے کہا تھا کہ جس ایس ایچ او کے حلقے میں اگر کوئی death ہوئی تو وہاں کا ایس ایچ او بھی ذمہ دار ہوگا اور وہاں کا ڈی پی او بھی ذمہ دار ہوگا۔ یہ آج جتنی اموات ہوئی ہیں، میں کہتا ہوں کہ ہم یہاں پر جتنے قانون بناتے ہیں اگر ان پر عملدرآمد نہیں کرواتے تو پھر اس ہاؤس کی تذلیل ہے۔ اس ہاؤس کا جو تقدس ہے وہ مجروح ہوتا ہے۔ میں آپ سے یہ درخواست کروں گا کہ یہ direction دی جائے، آپ بطور چیئرمین یہ direction دیں۔ آپ پولیٹیکل لوگوں کا راستہ روکنے کے لئے تو لاہور کو seal کر سکتے ہیں، اس میں پوری قوم تو نہیں ہے، ان لوگوں کو روکنے کے لئے میں سمجھتا ہوں کہ ڈنڈا چلنا چاہئے۔ یہ جو قتل ہو رہے ہیں میں سمجھتا ہوں کہ یہ اب حکومت کے ذمہ پڑتے ہیں۔ یہ بات کرنے کا موقع تو نہیں تھا لیکن میں یہ بات ضروری کرنا چاہتا تھا اور میں آپ سے درخواست کروں گا کہ اس سلسلے میں گورنمنٹ کو direction دیں کہ وہ سختی سے ان کو روکیں کیونکہ پتنگ بازی ابھی بھی ہو رہی ہے۔ شکریہ

جناب چیئرمین: سیکرٹری صاحب! اجلاس ملتوی کرنے سے پہلے میں آپ سے پوچھوں گا کہ سیکرٹری ہاؤسنگ نے اس ہاؤس میں جوابات submit کرنے تھے لیکن انہوں نے نہیں کئے۔ Directions یہ تھیں کہ انہیں خود یہاں پیش ہو کر جواب دینا ہے چونکہ Chair کی طرف سے انہیں واضح direction تھی کہ وہ جواب لے کر خود یہاں آئیں لیکن اس direction پر عملدرآمد نہیں ہوا۔اس بناء پر ذمہ داران کو معطل بھی کیا جا سکتا ہے۔ لہٰذا سیکرٹری اسمبلی اس بارے میں رپورٹ submit کریں کہ کیا وجوہات ہیں؟ چونکہ یہ Chair کی طرف سے ہدایات تھیں اور اسمبلی ایک سپریم اتھارٹی ہے، پنجاب میں وہی ہو گا جو اسمبلی چاہے گی۔پہلی بات یہ کہ ابھی اس کا جواب circulate کریں اور اسے put کریں۔دوسرا ارشد محمود بگو صاحب کی طرف سے جو پتنگ بازی کے حوالے سے پوائنٹ اٹھایا گیا ہے اس حوالے سے وزیر قانون راجہ بشارت صاحب کو لکھیں کہ وہ اس کا جواب دیں اور جو اس کے ذمہ داران ہیں ان کے خلاف کارروائی کریں۔ تیسرا میں تو پی ٹی وی والوں کا داخلہ بند کرنے والا تھا۔پی ٹی وی والوں نے پرسوں اسمبلی کی کارروائی صرف ڈیڑھ سیکنڈ نشر کی ہے،اگر ڈیڑھ سیکنڈ چلانی ہے تو آپ بے شک یہاں کوریج کے لئے نہ آیا کریں۔ ہمیں پی ٹی وی کی کوئی ضرورت نہیں ہے، ہم دوسرے چینلز کو اجازت دے دیں گے۔اگر پی ٹی وی کا یہی رویہ رہا تو ہم انہیں یہاں ban کر دیں گے۔ جیسا کہ آپ سب کو معلوم ہے کہ میں انتہائی افسوس سے یہ ذکر کر رہا ہوں کہ قائد ایوان وزیر اعلیٰ پنجاب چودھری پرویز الٰہی کی والدہ ماجدہ کا قضائے الٰہی سے کل انتقال ہو گیا ہے یہ ایوان بھی ان کے سوگ میں برابر کا شریک ہے۔ بیشتر اراکین تعزیت اور نماز جنازہ میں شمولیت کے لئے گجرات چلے گئے ہیں۔ لہٰذا آج کا اجلاس بغیر کسی کارروائی کے ملتوی کیا جاتا ہے۔

اب اجلاس بدھ مورخہ 15۔مارچ2006 بوقت 3 بجے سہ پہر تک ملتوی کیا جاتا ہے۔اس کے ساتھ جو کل پرائیویٹ ممبرز ڈے کا ایجنڈا ہے وہ پرسوں میں تبدیل کیا جاتا ہے۔